RAMPUR GOVT GAZETTE

گزٹ ریاست رامپور

بحکم کونسل ریاست رامپور

نمبر ۲۸	مطبوعہ ۱۲ ذی الحجہ سال ۱۳۱۱ہجری روز دوشنبہ مطابق ۲ جولائی سنہ ۱۸۹۴ عیسوی	جلد ۶

فہرست مضامین

نمبر	نام مضمون	صفحہ
	حکم حضور پرنور	
۱	منسوخی روبکار سابق متعلقہ اختیارات ڈاکٹر عینی فولد صاحب بہادر	۱
	احکام اجلاس کامل	
۲	بمقدمہ شمول سرکار بتعین قاعدہ اجرائے ڈگریات مع سرکار	۲
۳	جو شخص گواہی یا پرسیس بیان دیکر ادر عدالت میں خلاف اوسکے بیان کرے	۲
۴	در بارہ اجرائے قاعدہ اندراج رقم اثاثہ بمقدمہ فروخت پس	۳
۵	مع سرسر کلر و اشتہار متعلقہ۔	
۶	منظوری تعطیلات جمعہ و عیدین بنابر ملازمان کتب خانہ۔	۳
۷	اضافہ تنخواہ صاحبزادہ محمد ناصر علیخان بہادر۔	۴
۸	پنشن غلام اکبر خان سپاہی سپرنٹنڈنٹی کارخانجات۔	۴
	بحکم صاحب نیو ممبر بہادر	
۹	یادداشت سررشتہ تالیف قانون نسبت معائنہ سنہ شوار ہاں۔	۴ و ۵
۱۰	تعین تاریخ ۲۵ جولائی سنہ ۱۸۹۴ع بابرادر نسبت بعض دیہات۔	۴ و ۵
	احکام صاحب جوڈیشل ممبر بہادر۔	
۱۱	سرکار دربارہ جائداد غیر منقولہ مسروقہ وغیرہ کوتوالی عہد جناب سرکار فی عظمیہ	
۱۲	اشتہار انعام کاس روپیہ مسروقہ مرزا ادرحسین جو اظہر کرنیوالے کو۔	
	روبکار اجلاس صاحب سکرٹری بہادر کونسل	
۱۳	نسبت معافی ند کمی بال سرکار بجوازہ جو کارخانجات سے فروخت یا نیلام ہو	۵
۱۴	نقشہ بارش	۶
۱۵	نقشہ حیات و ممات ذخیرہ خانہ اجناس	۱

حکم حضور پرنور نواب صاحب بہادر دام اقبالہم واقع ۲۵ جون سنہ ۱۸۹۴ء

پہلا روبکار جو بابدولت کے اجلاس سے بابت اختیارات ڈاکٹر عینی فولد صاحب بہادر جاری ہوا تھا اوسکو اب ہم خارج و منسوخ کرتے ہیں۔

حکم اجلاس کامل ۔ واقع ۱۳ جون ۱۸۹۴ء

بمقدمۂ مثل سرکلر تعین قاعدۂ اجرای ڈگریات

آج یہ مثل کونسل مین پیش ہوئی بالاتفاق تجویز ہوا کہ رائے صاحب جج بہادر منظور ہو سرکلر مجوزہ صاحب جج بہادر درج گزٹ کرایا جاوے اور بموجب سرکلر مذکور عملدرآمد ہووے مثل بنابر اجرای احکام باجلاس جوڈیشل ممبر بہادر مرسل ہو ۔

دستخط حضور پرنور دام اقبالہم دستخط صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر
دستخط صاحب ممبر مال بہادر دستخط صاحب جوڈیشل ممبر بہادر
دستخط صاحب سکرٹری بہادر ۔

حکم صاحب جوڈیشل ممبر بہادر

ایک نقل سرکلر بنابر اندراج گزٹ پاس مہتمم مطبع بھیجی جاوے اور بعینہ قطعہ سرکلر علحدہ طبع کرا کر بنابر تقسیم سررشتہ جات وعدالتہای مطبع سے منگائی جاوین ۔ ۲۱ جون ۱۸۹۴ء

دستخط صاحب جوڈیشل ممبر بہادر

سرکلر

بہ تنسیخ عملدرآمد سابق درخواستہای اجرای ڈگری مین قاعدہ قرار دیا جاتا ہی کہ جس محکمہ مین ابتداءً مقدمہ دائر ہوا ہو اوسی محکمہ مین درخواست اجرای گذرنی چاہیے اور عدالت موصوفہ حسب قاعدہ اجرا کے کارروائی کریگی اگرچہ وہ مقدمہ بصیغہ اپیل کونسل تک پہونچ چکا ہو ۔

اگر ابتداءً مقدمہ کسی عدالت بالائی مین دائر ہوا ہو تو اوسکی اجرا کی درخواست اوسی عدالت بالائی مین گذرنی چاہیے اور وہ عدالت مجاز ہوگی کہ کارروائی کے لیے کسی ماتحت عدالت مین منتقل کردے ۔

دستخط صاحب جوڈیشل ممبر بہادر

حکم اجلاس کامل ۔ واقع ۱۳ جون ۱۸۹۴ء

بمقدمۂ مثل حکم صاحب جج جوڈیشل ممبر بہادر در بارہ اس امر کے کہ کوئی شخص گواہی پولیس مین دیکر اور عدالت مین خلاف اوسکے بیان کرے اوسپر مقدمہ بموجب دفعہ ۱۹۳ قائم ہونا خلاف قاعدۂ مجریۂ گورنمنٹ انگریزی ہے

آج یہ مثل پیش ہوئی بالاتفاق رائے یہ امر مناسب معلوم ہوتا ہی کہ آیندہ اگر سررشتۂ پولیس کسی خاص مقدمہ مین بوجہ موجہ دعوی دروغ حلفی کسی ایسے شخص پر جسنے اپنے پولیس مین اظہار کیے ہوے بیان کو عدالت مجسٹریٹ مین تبدیل کیا ہو کرنا چاہے تو اول صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر سے اجازت حاصل کرے بعد حصول اجازت دعوی دروغ حلفی پولیس کیطرف سے ہوسکیگا عام صورتون مین پولیس کو دعویدار ہونیکا اختیار حاصل نہیگا مثل باجلاس صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر مرسل ہو ۔

دستخط حضور پرنور دام اقبالہم دستخط صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر
دستخط صاحب ریونیو ممبر بہادر دستخط صاحب جوڈیشل ممبر بہادر
دستخط صاحب سکرٹری بہادر

حکم صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر

حسب تجویز کونسل احکام ضابطہ جاری ہون ایک نقل اسکی برای درج گزٹ مطبع کو مرسل ہو ۔ ۱۷ جون ۱۸۹۴ عیسوی

دستخط صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر

حکم اجلاس کامل واقع ۱۳ جون سنہ ۱۸۹۴ء

مشمولہ مثل یادداشت تحصیلدار شاہ آباد در بارہ اجرائی قاعدہ اندراج رقم اثا میوار بمقدمہ فروخت رس منجانب مزارعان بنام کہنڈساریان

آج یہ مثل کونسل مین پیش ہوئی سائے لیگل ممبر نسبت مع سرکلر مجوزہ صاحب موصوف ملاحظہ ہو کر بالاتفاق تجویز ہوئی کہ راے لیگل ممبر نسبت درست ہے اسی بموجب عملدرآمد ہونا چاہئے اول اشتہار میعادی ۱۵ یوم نسبت اجراے سرکلر ہذا جاری کیا جاوے زان بعد بموجب رائے لیگل ممبر نسبت عملدرآمد کیا جاوے اور سرکلر مجوزہ مع اشتہار درج گزٹ کرایا جاوے مثل بنابر اجراے احکام باجلاس صاحب جوڈیشل ممبر مرسل ہو۔

دستخط حضور پرنور دام اقبالہم دستخط صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر

دستخط صاحب ریونیو ممبر بہادر دستخط صاحب جوڈیشل ممبر بہادر

دستخط صاحب سکرٹری بہادر۔

حکم صاحب جوڈیشل ممبر بہادر

حسب منشاء تجویز اجلاس کامل احکام ضابطہ جاری ہون اور نقل سرکلر مع اشتہار غرض اندراج گزٹ مطبع کو بھیجی جاوے ۱۷ جون سنہ ۱۸۹۴ء

سرکلر اجلاس کونسل مجریہ ۱۳ جون سنہ ۹۴ء

دفعہ ۴۹ قانون رجسٹری متعلقہ علاقہ قدیم ریاست مین چند مقران اور اسے ایک دستاویز کا رجسٹری ہونا جائز قرار دیا گیا ہی اوس دفعہ کا تعلق ایسی دستاویز سے ہے جو چند مقران کے اقرار سے کسی رقم مجموعی کی بابت بذمہ داری مشترکہ تجویز ہو مگر جس حالت مین کہ ہر مقر کی ذمہ داری بابت رقومات جداگانہ کے منفرد ا ہو یعنی کسی ایک رقم معین زر کی ایک مقر کے نسبت مطالبہ دائن کا دوسرے

مقر سے نہ ہو سکے تو اوسکی ایک دستاویز مجموعی تحریر کرانیکا کوئی امکان نہین ہو سکتا بلکہ ہر مقر کیطرف سے دستاویز جداگانہ تحریر و رجسٹری ہونا چاہئے۔

بحکم اجلاس صاحب جوڈیشل ممبر بہادر مورخہ ۱۴ جون سنہ ۱۸۹۴ء

اشتہار

مثل رپورٹ تحصیلدار شاہ آباد در بارہ اجراے قاعدہ اندراج رقم اثا میوار دستاویزات فروخت رس مین راے صاحب لیگل ممبر نسبت مع سرکلر مجوزہ صاحب موصوف ۱۳ جون سنہ ۱۸۹۴ء کو اجلاس کامل کونسل مین پیش ہو کر بالاتفاق تجویز ہوا کہ اول اشتہار میعادی پندرہ یوم نسبت اجراے سرکلر جاری کیا جاوے زان بعد بموجب رائے لیگل ممبر نسبت عملدرآمد کیا جاوے اور سرکار مجوزہ مع اشتہار درج گزٹ کرایا جاوے۔ لہذا حسب تجویز کونسل یہ اشتہار میعادی پندرہ یوم مع سرکلر معطوفہ جاری کیا جاتا ہے۔

حکم اجلاس کامل واقع ۱۳ جون سنہ ۱۸۹۴ء بمقدمہ رپورٹ منصرم کتبخانہ بدرخواست تعطیلات مذہبی جمعہ و عیدین وغیرہ بنابر ملازمان کتبخانہ

بالاتفاق رائے تجویز ہوا کہ ملازمان کتب خانہ بھی تعطیلات مذہبی سے مثل دیگر ملازمان دفاتر کے مستفید ہون آیندہ ممنوع نہ سمجھے جاوین مثل باجلاس صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر مرسل ہو۔

دستخط حضور پرنور دام اقبالہم دستخط صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر

دستخط صاحب ریونیو ممبر بہادر دستخط صاحب جوڈیشل ممبر بہادر

دستخط صاحب سکرٹری بہادر

حکم صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر

حسب تجویز کونسل درج گزٹ ہو احکام جاری ہوں —

۲۲ — جون ۱۸۹۳ء

حکم اجلاس کونسل — واقع ۱۸ جون ۱۸۹۳ء

بمقدمہ مثل روبکار صاحب ممبر مال بہادر دربارہ
اضافہ تنخواہ صاحبزادہ محمد ناصر علیخان بہادر عرف
منجھو صاحب بہادر بوجہ تحصیل علم در ولایت

آج یہ مثل کونسل میں پیش ہوئی واقعی تنخواہ موجودہ صاحبزادہ محمد ناصر علیخان بہادر عرف منجھو صاحب اخراجات تعلیم خورد و نوش وغیرہ ولایت کو مکتفی نہیں ہوسکتی لہذا بالاتفاق تجویز ہوا کہ تنخواہ موجودہ تعدادی سات سو روپیہ پر پرورشاً بطور عنایات مبلغ آٹھ سو روپیہ اضافہ ہو کر تا تعلیم ولایت تنخواہ اونکو بتعداد ایک ہزار پانسو روپیہ ماہوار دیجاوے یہ اضافہ پرورشاً و عنایۃً تا تعلیم ولایت متصور ہوگا مثل بنابر اجراے احکام باجلاس صاحب ممبر مال بہادر مرسل ہو —

دستخط حضور پرنور دام اقبالہم — دستخط صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر
دستخط صاحب ریونیو ممبر بہادر — دستخط صاحب جوڈیشل ممبر بہادر
دستخط صاحب سکرٹری بہادر

حکم صاحب ریونیو ممبر بہادر

ایک نقل اطلاعاً پاس لالہ شمبھر ناتھ صاحب مرسل ہو اور ایک نقل پاس دیوان صدر و بخشی فوج مرسل ہو — اور درج گزٹ کر کر بعد اجراے احکام داخل دفتر ہو دوست دیوان صدر عملدرآمد اسکا روز صدور حکم یعنی ۱۸ جون ۱۸۹۳ء سے کریں اور دیوان فرید سے بابت ہو کہ اضافہ کس مہینے سے ہوگا — ۲۳ — جون ۱۸۹۳ء

حکم اجلاس کونسل — واقع ۱۸ جون ۱۸۹۳ء

آج یہ مثل کونسل میں پیش ہوئی بالاتفاق تجویز ہوا کہ دو روپیہ ماہانہ پنشن غلام اکبر خان سپاہی سپرنڈنٹی کارخانجات کی بوجہ علالت تحدیدی خدمت کے منظور ہے مثل بنابر اجراے احکام باجلاس صاحب ممبر مال بہادر مرسل ہو —

دستخط حضور پرنور دام اقبالہم — دستخط صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر
دستخط صاحب ریونیو ممبر بہادر — دستخط صاحب جوڈیشل ممبر بہادر
دستخط صاحب سکرٹری بہادر

حکم صاحب ریونیو ممبر بہادر

موافق اس تجویز کے احکام ضابطہ جاری ہوں بخشی فوج اور راہمد پشند کو اطلاع دیجاوے — ۲۳ — جون ۱۸۹۳ء

بحکم صاحب ریونیو ممبر بہادر صادرہ ۲۱ جون ۱۸۹۳ء

یادداشت سررشتہ تالیف قانون بابت ملاحظہ معائنہ
مدرسہ پٹواریان شہر رامپور واقع ۱۱ جون ۱۸۹۳ء وقت صبح

آج بتقریب معائنہ ششماہی یہ مدرسہ دیکھا گیا — مدرسان بدستور ہیں ۴۹ طلبا مندرج رجسٹر ہیں آخر ماہ مئی پر ۴۹ تھے — اسوقت ۳۴ حاضر ہیں اور ۱۵ غیر حاضر بہ تفصیل ذیل ہیں یعنی اشرفی لال و جہانجن رای عطائی نگر و گھاسی رام رخصت پر ہیں ان رخصتوں میں گھاسی رام کا حال قابل لحاظ ہے کہ مئی سے ۱۵ دن کی رخصت منظور ہوئی جو ۱۵ تاریخ ختم ہوئی اسکی غیر حاضری بجاے ۱۲ سے ۱۹ مئی کو لکھی گئی اسکے بعد ۱۵ روز کی رخصت اور منظور ہوئی جو آخر مئی پر ختم ہوئی کم جون سے درخواست رخصت بلا میعاد

بضرورت پیروی مقدمہ کے آئی مدرس کہتی ہیں کہ وہ بارسال صدر ہوئی ہی علاوہ پٹواریان رخصتی کے ۱۰ کس غیر حاضر ہیں جنکی تفصیل حال یہ ہے۔

نام غیر حاضرین	تعداد ایام غیر حاضری کب سے غیر حاضر ہی	کیفیت
بہاری لال	۴	ایک ہفتہ کی رخصت ۲۷ جون سے لیکر گیا تھا
ہری پرشاد		عرصہ سے غیر حاضر ہی ۲۹ جون کو رپورٹ ہوئی ہی مقدمہ دائر بتلایا جاتا ہی۔
جہانگیر	۱	عرضی رخصت بلا نام آئی ہی۔
نرائن سہائے	۳	
چرونجی لال	۳	
ایسری پرشاد	۳	
سنوہن لال	۲	
بابو رام	۲	
پیارے لال	۲	
گوبردھن رائے	۲	
چدمی لال	۳	
داتا رام	۳	

غیر حاضرین کی نسبت مدرس کہتی کہ بانتظار گذرنے ایک ہفتہ غیر حاضری کی رپورٹ نہیں بھیجی چنانچہ بہاری لال جو ایک ہفتہ کی رخصت پر گیا تھا اور بعد گذرنے رخصت کے اوسکی غیر حاضری کو بھی چار روز گذر گئے بانتظار پورے ہونے ہفتہ غیر حاضری کی رپورٹ نہیں کی گئی حالانکہ یہ بات نامناسب ہی کہ بعد گذرنے رخصت کے ایک ہفتہ تک اطلاع غیر حاضری نہ کیجاوے صرف ایک روز بعد رخصت کے انتظار کر لینا کافی متصور ہوتا ہے

بہرحال اسکی نسبت جناب صاحب ریونیو ممبر بہادر کی ہدایت کا انتظار کرنا چاہیے بعد صدور ہدایت اوسکی موافق تعمیل کرتے رہیں

کاپیان جو دیکھی گئیں اونمیں سلسلہ وار تاریخیں قائم نہیں ہوئیں اکثر تواریخ درج نہیں ہیں حالانکہ تاریخیں سب درج ہونی چاہئیں اگر بوجہ تعطیل یا غیر حاضر وغیرہ کے کوئی سبق نہ ہو سکے تو وجہ اوسکی مختصر لفظ میں تاریخ کے پاس لکھدیجاوے مثلاً ۲ جون فلان تعطیل یا غیر حاضر وغیرہ اسکی نسبت مدرسین کو کہدیا گیا کہ آئندہ عملدرآمد رکھیں۔

کاپیون میں اصلاح غلطی کی کم دیکھنے میں آئی مدرسان کو کہدیا گیا ہے کہ آئندہ اصلاح کی نسبت زیادہ لحاظ رکھیں۔

عکس جو دیکھے گئے بعض پر نام عکس کنندہ اور تاریخ تحریر نہیں اور نام موضع بھی قطعات کے عکس پر درج نہیں آئندہ کے لیے کہدیا گیا ہی کہ ہر قسم عکس پر نام اور تاریخ مع نام موضع لکھی جاوے اور بلکہ تاریخ شروع اور اختتام کی بھی تحریر ہونا چاہیے جس سے عکس کنندہ کے کام کی کیفیت ظاہر ہوتی رہے۔

نقل اس معائنہ کی اطلاعاً باجلاس عالی والا القاب جناب نواب بہادر سید صاحب ریونیو ممبر کے ارسال ہو۔

روبکار اجلاس صاحب ریونیو ممبر بہادر

واقع ۲۶ جون سنہ ۱۹۲۶ء

بعض دیہات بوجہ فراری اور عدم استطاعتی مستاجران اور وصول نہ ہونے زر باقی کے قابل بندوبست ہیں اور واسطے بندوبست اونکے کوئی تاریخ ہونا ضرور ہے ۔ لہذا۔

حکم ہوا کہ

مقام مستغیث خانہ پیش دروازہ کچہریات وقت آٹھ بجے صبح کے تاریخ ۲۵ جولائی سنہ ۱۹۲۶ء مقرر کیجاوے تحصیلداران اور

بعنیٹ صدر اور دو اصلیا قینولیس اور نائب سررشتہ دار صدر کو اطلاع دیجاوے نقشجات نیلام رسالدار صدر بابت صحت کے قبل از تاریخ نیلام طبع کرالین اور بخوبی اعلان ہو جاوے اور درج گزٹ بہی ہو۔

دستخط [illegible]

سرکلر مجریہ صاحب جوڈیشل ممبر بہادر
مورخہ ۱۹ جون سنہ ۱۸۹۴ء

چونکہ عدالت خفیفہ مین سفال کہپریل وچہپر جو مکان پر ہوتے ہین اجراے ڈگریات مین قرق ہو کر بروقت نیلام علیحدہ کیے جاتے ہین اور وہ وقت قرقی سے منقولہ متصور ہوتے ہین۔ حالانکہ جبتک وہ مکان پر نصب ہین داخل غیر منقولہ ہین۔ اسوجہ سے عدالت دیوانی اوسمین احکام شفعہ جاری کرتی ہی لہذا باتفاق راے صاحب ڈسٹرکٹ جج بہادر ہدایت کیجاتی ہے کہ چہپر یا کہپریل یا لکڑی یا اینٹ کوئی عملہ کسی قسم کا جبتک وہ مکان سے علیحدہ نہو وہ جایداد غیر منقولہ ہے اور عدالت خفیفہ سے قرقی اوسکی ناجایز ہے

حکم صاحب جوڈیشل ممبر بہادر نسبت عرضی مرزا امداد حسین
واقع ۲۴ جون سنہ ۱۸۹۴ء

نقل عرضی سائل بغرض اطلاع عام درج گزٹ کیجاوے۔ [illegible]

[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	
رام پرشاد [illegible]	[illegible]	مرزا احمد [illegible] حسین	مسماۃ [illegible] حیدری	فوجدار [illegible]	[illegible]	درخواست پچاس روپیہ انعام کے اشتہارات [illegible] جاوین [illegible] مال مین دونگا۔

غریب پرور سلامت

جناب عالی بخدمت معروضہ بالا التماس یہ ہی کہ اشتہارات مبلغ پچاس روپیہ کے بابت انعام بحکم بندگان عالی عدالت العالیہ جاری فرماے جاوین جو شخص مال مفصلہ تحت چوری فدوی کا برآمد کریگا مبلغ پچاس روپیہ اوسکو انعام کے مین دونگا واجب تہا عرض کیا دولت زیادہ ہو

تفصیل سرقہ

پازیب نقرہ وزنی [illegible] قیمتی [illegible]	پہونچی طلائی ۲۴ دانہ [illegible] قیمتی [illegible]	یکہ نقرہ [illegible] [illegible]
انگوٹہی [illegible] نقرہ مع نگینہ عقیق ۲۶ عدد [illegible]	بوٹ دو قطعہ [illegible]	قرص [illegible] [illegible]

روبکار اجلاس صاحب سکرٹری بہادر کونسل
واقع ۱۶ مئی سنہ ۱۸۹۴ء

آج یہ کاغذات معہ جواب سپرنٹنڈنٹ کارخانجات پیش ہوے مہتمم گاوخانہ و سپرنٹنڈنٹ کارخانجات بہی موجود تہے ہنگام پیشی کاغذات زبانی بہی مفصل حال ان لوگون سے دریافت کیا گیا ہمارے نزدیک کل کارخانجات مین ایک قاعدہ اس طرح ہونا چاہیے کہ جو مال سرکار فروخت یا نیلام ہو اوسکا روپیہ خزانہ صدر مین جمع ہوا کرے یہ امر نامناسب معلوم ہوتا ہی کہ خزانہ صدر مین روپیہ نہ جمع کیا جاوے اور مہتمم اپنے کارخانے مین اوسکو رکہین اور خزانہ مین اطلاع تک اوسکی نہجاوے۔ گاوخانہ و اصطبل و گاومیش خانہ مین جہان جہان قاعدہ جاری ہے کہ روپیہ نیلام کا خزانہ صدر مین بہیجا جاتا ہی آیندہ کے لیے اب یہ قاعدہ بند کیا جاوے سب جگہہ کا روپیہ خزانہ صدر مین جمع ہوا کرے ہان اسقدر مناسب ہے کہ اگر کسی کارخانہ مین کسی چیز کی ضرورت خرید کرنے کی ہی اور بوجہ قلت بجٹ وہ خرید نہین ہو سکتی وہان کا اگر کوئی سامان نیلام ہو تو اوسوقت مہتمم یہ کر سکتے ہین

کہ قبل از نیلام جمع ہو جانے روپیہ کے خزانے میں اوس چیز کی
بابت تحصیل درخواست اپنی بھیجدین اگر درخواست منصرم مقابل بیع
بھیجی جاویگی تو اوسکی منظوری دیجاویگی اور زر نیلام کو بیا
خزانہ منصرم کے سے روکا جاویگا - ابتک جس جس کارخانہ میں
اس قسم کا روپیہ جمع ہوا اوسکی بھی صحت مناسب ہے سپرنٹنڈنٹ کارخانجات
کو چاہیئے کہ ہر ایک کارخانے کے رجسٹر وغیرہ دیکھکر اور بعد جانچ
وغیرہ جسقدر روپیہ اب اس قسم کا جہان جہان جمع ہوا اوسکی بابت
مفصل رپورٹ معہ نقشہ گوشوارہ کے بھیجدین جس سے معلوم صاف
یہ معلوم ہو جاوے کہ کتنا کتنا روپیہ کس کس کارخانہ میں اسوقت
موجود ہے تاکہ اوسکی نسبت تجویز مناسب کیجاوے -

حکم ہوا کہ

ایک ایک نقل اسکی واسطے اطلاع و تعمیل ضابطہ کے پاس سپرنٹنڈنٹ
کارخانجات و دیوان منصرم سل ہو سپرنٹنڈنٹ کارخانجات کو
چاہیئے کہ منصرم نیلام و دیگر جملہ منصرمان کو اس حکم کی تعمیل کرانے
ہدایت کرین کہ مطابق اس روبکار کے کاربند رہین اور اسکی تعمیل
آیندہ جاری ہو سپرنٹنڈنٹ کارخانجات نگرانی رکھین کسی جگہ
فروگذاشت نکیا جاوے مناسب ہے کہ قبل اجلاسے روبکار ہذا کاغذات
ذریعہ عرضداشت حضور معلی میں بھیجدیے جائین و وہان سے جیسا
حکم اس باب میں صادر ہو اوسکے مطابق تعمیل کیجاوے -

بحکم صاحب سکرٹری بہادر

کارسیدی بجواب حکم ۱۰ جون سنہ ۹۴ دیوان منظوری اس روبکار کی آگئی لہذا ایک
نقل اسکی واسطے اطلاع عام کے درج گزٹ کرا دیجاوے اور ایک ایک
نقل پاس سپرنٹنڈنٹ کارخانجات و دیوان منصرم سل مطابق اسکی آیندہ
تعمیل ہو اور اصطبل و گاؤخانہ وغیرہ میں ابتک جسقدر روپیہ نیلام
جانورونکا جمع ہوا اوسکی بابت سپرنٹنڈنٹ صحت کرکے ایک رپورٹ مفصل
معہ نقشہ کارخانہ وار جلد پیش کرین - ۲۴ جون سنہ ۱۸۹۴ء

نقشہ بارش متعلقہ ریاست رامپور من ابتدی ۲۳ لغایت ۳۰ جون سنہ ۱۸۹۴ عیسوی

تاریخ و دن	صدر		تحصیل بلاسپور		تحصیل سوار		تحصیل شاہ آباد		تحصیل ملک		ٹانڈہ	
	روزانہ	میزان	روزانہ	میزان	روزانہ	میزان	روزانہ	میزان	روزانہ	میزان	روزانہ	میزان
۲۳ جون روز شنبہ	۸	۴۲	۱۲	۳۰	۲	۸	۴	۵۹	۳	۲۷	۰	۴۹
۲۴ جون روز یکشنبہ	۰	۴۲	۰	۳۰	۰	۸	۰	۵۹	۰	۲۷	۰	۴۹
۲۵ جون روز دوشنبہ	۰	۴۲	۰	۳۰	۰	۸	۲	۶۱	۰	۲۷	۰	۴۹
۲۶ جون روز سہ شنبہ	٦	۴۸	۰	۳۰	۱	۹	۰	۶۱	۰	۲۷	۰	۴۹
۲۷ جون روز چہارشنبہ	۰	۴۸	۰	۳۰	۰	۹	۰	۶۱	۰	۲۷	۰	نقشہ نہیں آیا
۲۸ جون روز پنجشنبہ	۰	۴۸	۲	۳۲	۰	۹	۰	۶۱	۰	۲۷	۰	//
۲۹ جون روز جمعہ	۰	۴۸	۰	۳۲	۰	۹	۰	۶۱	۰	۲۷	۰	//
۳۰ جون روز شنبہ	۰	۴۸	۱۲	۴۴	۸	۱۷	۰	۶۱	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	//

نقشہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۲۶ جون لغایت ۲ جولائی سنہ ۱۸۹۴ء

پرگنہ	تفصیل پیدائش							تفصیل فوتی										تفصیل امراض					کیفیت
	مرد		عورت		میزان	تفصیل مذہب		ایکسال سے ۱۲ سال تک		۱۲ سال سے ۶۰ سال تک		۶۰ سال سے زیادہ		میزان		تفصیل مذہب							
	مسلمان	ہندو	مسلمان	ہندو		مسلمان	ہندو	مرد	عورت	مرد	عورت	مرد	عورت	مرد	عورت	مسلمان	ہندو	ہیضہ	چیچک	بخار	دیگر امراض	میزان	
شہر رامپور	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	نقشہ نہیں آیا
شاہ آباد	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	//
ملک	۲	۱۳	۴	۸	۲۷	۶	۲۱	۶	۵	۲	.	۷	۷	۱۵	۱۲	.	۲۷	.	۱	۱۰	۱۶	۲۷	.
سوار	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	نقشہ نہیں آیا
بلاسپور	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	//
ٹانڈہ	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	//
میزان	۲	۱۳	۴	۸	۲۷	۶	۲۱	۶	۵	۲	.	۷	۷	۱۵	۱۲	.	۲۷	.	۱	۱۰	۱۶	۲۷	.

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۲۶ جون لغایت ۲ جولائی سنہ ۹۴ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	.	۱۶ ار	.	۱۸ ار	۱۶ ار	.	حضور تحصیل و ملک و ٹانڈہ سے نقشے نہیں آئے۔
نخود خالص	.	.	.	۰۲۰ ار	۰۲۲ ار	.	
نخود کسہ امیز	.	۰۲۱ ار	.	۰۲۲ ار	۰۲۵ ار	.	
مسور	.	.	.	.	.	.	
ماش	.	۰۱۵ ار	.	۱۴ ار	.	.	
مونگ	.	۱۵ ار	.	.	.	.	
مکا	.	.	.	.	نہیں	.	
ارہر	.	۰۲۳ ار	.	۱۸ ار	۰۲۶ ار	.	
عدس	.	۰۲۰ ار	.	۰۲۰ ار	۰۲۴ ار	.	
جئی	.	۰۲۵ ار	.	.	۰۳۰ ار	.	
گوجئی	.	۰۲۰ ار	.	.	۰۲۰ ار	.	
برنج	.	۹ ار	.	۱۰ ار	۱۰ ار	.	
روغن زرد	.	۱ ار	.	۱/۱ ار	۱/۱ ار	.	
روغن سیاہ	.	۰۲ ار	.	۳ ار	۲ ار	.	
روغن کنجد	.	۲ ار	.	.	.	.	
نمک سیہہ	.	۴ ار	.	.	۰۷ ار	.	
نمک سانبھری	.	۶ ار	.	.	.	.	
قند سیاہ	.	۹ ار	.	.	۱۱ ار	.	

مطبوعہ سرکاری پولیس ریاست رامپور